© rasailojaraid.com



# افکار واخبار

## مجلس شوریٰ میں شمولیت مزید چند اہل علم وارباب اخلاص کی نظر میں

(۱) بنرگانہ توجہات اور دعا | اللہ رب العزت نے آپ کو اس نازک دور میں ملک وملت کی خدمت کا موقعہ عطا فرمایا ... ازراہ کرم قادیانیوں کے متعلق جو مطالبات عرضداشت میں درج کیے گئے ہیں ۔ وفاقی مجلس شوریٰ کے آنے والے ... س میں ان مطالبات کی بھرپور حمایت فرما کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل فرمایئے

(حضرت مولانا) فقیر خان محمد امیر مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

(۲) قادیانیت کے سلسلہ میں آئینی ترمیم کی بحالی کے متعلق آپ حضرات کی مساعی کا بھی بہت بہت شکریہ جزاک اللہ تعالیٰ خیر الجزاء ۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی مساعی کو قبول فرمائے ۔ اور اس دور کے فتن سے دین حقہ اسلام کی ... دفاع وصیانت کی مزید برآں توفیق رفیق گردانے ۔ آمین

تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۷۴ء میں تو آپ براہ راست شریک رہے ہیں ملت اسلامیہ کے موقف کی تیاری میں آپ ... بہت سا حصہ ہے ۔ آپ پر اس موقف کی حفاظت کی ذمہ داری بھی آپ کا اپنا فرض ہے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس ... فریضہ کی ادائیگی کی کما حقہ، توفیق نصیب فرمائے ۔ آمین فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ خانقاہ سراجیہ کندیاں (مکتوب ... گرامی کا اقتباس)

(۳) ختم نبوت آرڈی ننس پر اظہار تشکر | مجلس تحفظ ختم نبوت کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۲۵-۲-۸۳ کو حضرت الامیر مولانا خان محمد دام مجدہم کندیاں شریف کی صدارت میں منعقد ہوا جس کی کارروائی آں جناب کے مطالعہ کے لئے ارسال خدمت ہے۔

اجلاس نے آپ حضرات کی کوششوں پر اظہار تشکر کیا ۔ قرارداد ۶ جناب توجہ فرمائیں۔

امید ہے کہ شوریٰ کے آئندہ اجلاس میں بھرپور کوشش فرمائیں گے ۔ بندہ اس اجلاس سے قبل شرف زیارت حاصل کرے گا ۔ اگر ہو سکے تو حضرت استاذ العلماء دامت برکاتہم کی خدمت میں سلام اور دعا کے لئے عرض کر دیں ۔

دعا گو محمد شریف جالندھری دفتر ختم نبوت ملتان ۔

منظور شدہ قرارداد ۶ کا متن یہ ہے :- ۶ ۔ یہ اجلاس صدر مملکت اور ان کے رفقا خصوصاً راجہ ظفر الحق



© rasailojaraid.com